CAREERINDIA

**SET-4**

**Series : GBM/1**

کوڈ نمبر
**Code No. 256/1**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- براہ کرم چیک کیجیے کہ اس سوال کے پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات **4** ہیں۔
- سوال کے پرچہ کی داہنی طرف کوڈ نمبر لکھا ہوا ہے جو طلباء کو اپنی جواب کاپی کے اوپر لکھنا ہے۔
- برائے مہربانی چیک کیجیے کہ سوال کے پرچہ میں **28** سوال ہیں۔
- **برائے مہربانی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **4** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **28** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# نفسیات (نظریہ)

# PSYCHOLOGY (Theory)

مقررہ وقت : **3**، گھنٹے
*Time allowed : **3** hours*

کُل نمبر : **70**
*Maximum marks : **70***

**عام ہدایات :**

(i) سبھی سوال لازمی ہیں۔

(ii) ہر سوال کے نمبر اُس کے مقابل درج ہیں۔

(iii) جواب مختصر اور سوال کے مطابق ہونا چاہیے۔

(iv) حِصّہ - **A** میں **10** سوال لرننگ چیک (بہت مختصرالجواب قسم) کے ہیں۔ ہر سوال **1** نمبر کا ہے۔ آپ کو دی گئی ہدایت کے مطابق جواب دینا ہے۔

(v) سوال نمبر **11** سے **16** حِصّہ - **B** میں بہت مختصرالجواب قِسم کے ہیں۔ ہر ایک سوال **2** نمبر کا ہے۔ ان میں کِسی سوال کا جواب **30** الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہئے۔

www.careerindia.com

(vi) سوال نمبر **17** سے **20** حِصّہ - **C** میں مختصرالجواب قسم-I ہیں۔ ہر ایک سوال **3** نمبر کا ہے۔ ان میں کِسی سوال کا جواب **60** الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔

(vii) سوال نمبر **21** سے **26** تک حِصّہ - **D** میں مختصرالجواب قسم-II ہیں۔ ہر ایک سوال **4** نمبر کا ہے۔ اِن میں سے کِسی سوال کا جواب **100** الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔

(viii) سوال نمبر **27** اور **28** حِصّہ - **E** میں طویل الجواب ہیں اور ہر ایک سوال **6** نمبر کا ہے۔ کِسی سوال کا جواب **200** الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔

## حِصّہ – A

**1 × 10 = 10**

1. اگر ایک آدمی دوسرے لوگوں کی تحریکات، احساسات اور کرداروں کو سمجھنے کی مہارت رکھتا ہے، وہ کہلاتی ہے

(a) بین شخصی ذہانت (b) دروں شخصی ذہانت

(c) لسانی ذہانت (d) سماجی ذہانت

2. خود اپنے بارے میں اپنی قدر کا فیصلہ کرنا ________ کہلاتا ہے۔

3. جسمانی، جذباتی اور نفسیاتی تھکن کی کیفیت ________ کہلاتی ہے۔

(a) مقابلہ (b) تناؤ

(c) تھکاوٹ (برن آوٹ) (d) نمٹنا

4. کسی خاص تصور یا موضوع کے بارے میں اسی سوچ پر قابو نہ پانا جبری طرزعمل (Compulsive behaviour) کہلاتا ہے۔ (صحیح / غلط)

5. غیرعقلی عقیدہ (false belief) جو اپنی مخالفت کے ثبوت ہونے کے باوجود زندہ رہتا ہے، وہ ________ کہلاتا ہے۔

6. ہم احساس ہونے کے معنی ہیں - دوسروں کے احساسات کو اسی پس منظر میں سمجھنا۔ (صحیح / غلط)

7. اسکیمیں (Schemas) جو کسی فرد یا شخص یا چیز کی تمام ممکنہ خصوصیات کی شکل میں کام کرتی ہیں، وہ ______ کہلاتی ہیں۔

8. افراد کا ہجوم جو کسی خاص مقصد کے لیے اکٹھا ہو گیا ہو ________ کہلاتا ہے۔

CAREERINDIA

9. ________ زندہ اشیا اور ماحول کے ساتھ تعلقات کا مطالعہ ہے۔

10. مشیرکار/کونسلر کی وہ صلاحیت جس کے تحت وہ مریض کے جذبات اور ان بیانات پر عکس ڈالتا ہے جسے وہ مختلف الفاظ میں بیان کرتا ہے ________ کہلاتا ہے۔

(a) کوڈ کشائی
(b) ترسیل
(c) سننا
(d) اعادۂ مضمون

## حِصّہ – B    2 × 6 = 12

11. 'بہبودی' (well-being) لفظ کا مطلب بیان کیجیے۔

12. مسلط اجباری خلل (obsessive compulsive disorder) اوبسیسو کمپلسو ڈس اوڈر کو بیان کیجیے۔

13. سسٹمیٹک ڈی سینسیٹائزیشن (systematic desensitisation) کیا ہے؟

14. گروپ کی تشکیل کے چار مراحل بیان کیجیے۔

15. شخصی مکان (personal space) سے کیا مطلب ہے؟

16. شرکتی مشاہدہ (participant observation) کو بیان کیجیے۔

## حِصّہ – C    3 × 4 = 12

17. کارل جنگ کا نظریہ اجتماعی غیرشعوری کیفیت کے بارے میں کیا ہے؟

18. رویّوں کی تشکیل میں اثرانداز ہونے والے عناصر بیان کیجیے۔

19. ماحولیاتی موافق کردار کے افعال یا عمل جو ماحول کو آلودگی سے بچانے میں مددگار ہو سکتے ہیں، بیان کیجیے۔

**یا**

جارحیت اور تشدد کو کم کرنے کی حکمت عملیاں بیان کیجیے۔

20. ایک موثر مددگار کی 'دوسروں کے لیے مثبت سوچ' کی خصوصیت بیان کیجیے۔



www.careerindia.com

CAREERINDIA

**4 × 6 = 24** **حصّہ – D**

21. ہندوستانی روایت میں ذہانت کی چار اہلیتوں کو بیان کیجیے۔

22. ذہانت کے پی اے ایس ایس (PASS) ماڈل کو مختصر بیان کیجیے۔

23. بچے مختلف قسم کے جارحانہ طرزِ عمل (aggressive behaviours) کا مظاہرہ کرتے ہیں، انہیں بیان کیجیے۔

24. نفسیاتی تکالیف (psychological distress) کو انسان مرکزی وجودی علاج کے مطابق بیان کیجیے۔

**یا**

نفسیاتی تکالیف میں صحت یابی کے لیے نفسیاتی علاج کے عمل میں مددگار چار عوامل بیان کیجیے۔

25. سماج موافق برتاؤ پر اثرانداز ہونے والے عوامل بیان کیجیے۔

26. 'سماج آوارگی' کا مظہر کیا ہے ؟ بیان کیجیے اور مثالیں بھی دیجیے۔

www.careerindia.com

**6 × 2 = 12** **حصّہ – E**

27. شخصیت کے تصور کو بیان کیجیے۔ شخصیت کا مطالعہ کرنے کے لیے تہذیبی طرزِ فکر بیان کیجیے۔

**یا**

شخصیت کے جائزے کے لیے استعمال ہونے والے مشاہداتی طریقوں پر بحث کیجیے اور یہ بھی بتائیے کہ ان کو استعمال کرتے ہوئے کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ؟

28. صحت مند دباؤ (eustress) اور رنج و تکلیف (distress) میں فرق بیان کیجیے اور تناؤ کے مختلف اثرات مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

**یا**

تناؤ کا عام توافقی علامت ماڈل (General Adaptation Syndrome - GAS) (جی۔اے۔ایس۔) ماڈل کے مطابق روزمرہ کی زندگی سے مثال دیتے ہوئے دباؤ (تناؤ) سے نمٹنے کے لیے کوئی ایک حکمت عملی بیان کیجیے۔